1172 ـ عورتوں کا بال کاٹنا

سوال

بعض عورتیں پیشانی کے اوپر سے کچھ بال کاٹتی ہیں، اور کچھ کونیچے لٹکتے رہنے دیتی ہیں، اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو اس سے مراد کافر اور ملحد قسم کی عورتوں سے مشابہت ہو تو یہ حرام ہے؛ کیونکہ غیر مسلم سے مشابہت حرام ہے اس لیے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس نے بھی کسی قوم سے مشابہت اختیار کی تو وہ انہی میں سے ہے "

لیکن اگر اس سے مقصد مشابہت نہ ہو بلکہ یہ عورتوں کے مابین ایك نئی عادت ہو، اور اگر یہ اس زینت میں شمار ہو جس سے عورت اپنے خاوند کے لیے زینت اختیار کرتی ہے، اور اپنے جیسی اور اپنی ہم جولي اور سہیلی عورتوں کے مابین ایسے مظہر اور شکل میں آتی ہو کہ جو اس کی قدر و منزلت میں عورتوں کے ہاں اضافہ کرے تو ہمیں اسمیں کوئی حرج نظر نہیں آتا.